# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

*OFFICIAL REPORT*

Monday, June 24, 2019
(290th Session)
Volume V, No. 08
(Nos. 01-08)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad.*

| | |
|---|---|
| Volume V | SP. V(08)/2019 |
| No.08 | 19 |

## Contents

1. Recitation from the Holy Quran .......................................... 1
2. Leave of Absence................................................................ 2
3. Motion under Rule 194(1) moved by Senator Shamim Afridi, Chairman Standing Committee on Water Resources regarding compensation to the affectees of Mirani Dam... 3
4. Motion under Rule 194(1) moved by Senator Eng. Rukhsana Zuberi on behalf of Chairman Standing Committee on Planning, Development and Reforms regarding re-allocation of funds under the head of Special Initiatives of CPEC towards other Programmes.................. 4
5. Motion under Rule 194(1) moved by Senator Abdul Rehman Malik, Chairman, Standing Committee on Interior regarding construction of firing range in American Embassy, Islamabad ............................................................ 5
6. Further Discussion on Finance Bill, 2019-20....................... 6
   - Senator Prof. Dr. Mehr Taj Roghani ...........................6
7. Presentation and adoption of report of the Standing Committee on Finance, Revenue and Economic Affairs regarding recommendations on the Finance Bill, 2019 .... 11
8. Presentation and adoption of Report of the Standing Committee on Finance, Revenue and Economic Affairs on the money Bill and Assets declaration Bill ......................... 12
   - Mr. Muhammad Hammad Azhar, Minister of State for Revenue .............................................................14
   - Senator Muhammad Azam Khan Swati ....................15
   - Senator Dr. Jehanzeb Jamaldini ...............................16
9. Further Discussion on the finance Bill 2019-20................ 17
   - Senator Kalsoom Perveen ........................................17

# SENATE OF PAKISTAN
# SENATE DEBATES

Monday, the June 24, 2019.

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at thirty minutes past four in the evening with Mr. Chairman (Mr. Muhammad Sadiq Sanjrani) in the Chair.

----------------

## **Recitation from the Holy Quran**

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ وَ يَهْدِيَكُمْ سُنَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَ يَتُوْبَ عَلَيْكُمْ ؕ
وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٢٦﴾ وَ اللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْكُمْ ۫ وَ يُرِيْدُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ
الشَّهَوٰتِ اَنْ تَمِيْلُوْا مَيْلًا عَظِيْمًا ﴿٢٧﴾ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ ۚ وَ خُلِقَ
الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا ﴿٢٨﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْۤا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ
بِالْبَاطِلِ اِلَّاۤ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِّنْكُمْ ۫ وَ لَا تَقْتُلُوْۤا اَنْفُسَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ﴿٢٩﴾

ترجمہ: اللہ چاہتا ہے کہ تمہارے واسطے بیان کرے اور تمہیں پہلوں کی راہ پر چلائے اور تمہاری توبہ قبول کرے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ اور اللہ چاہتا ہے کہ تم پر اپنی رحمت سے متوجہ ہو اور جو لوگ اپنے مزوں کے پیچھے لگے ہوئے ہیں وہ چاہتے ہیں کہ تم راہ سے بہت دور ہٹ جاؤ۔ اللہ چاہتا ہے کہ تم سے بوجھ ہلکا کردے کیونکہ انسان کمزور پیدا کیا گیا ہے۔ اے ایمان والو! آپس میں ایک دوسرے کے مال ناحق نہ کھاؤ مگر یہ کہ آپس کی خوشی سے تجارت ہو اور آپس میں کسی کو قتل نہ کرو بے شک اللہ تم پر مہربان ہے۔

(سورۃ النساء آیات ۲۶ تا ۲۹)

## **Leave of Absence**

جناب چیئرمین: جزاک اللہ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

Leave applications.

جناب چیئرمین: سینیٹر ولید اقبال صاحب بعض نجی مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۲۰اور ۲۱ جون کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے تھے، اس لیے انہوں نے ان تاریخوں کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر محمد اکرم صاحب بعض نجی مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۱۷تا ۲۰ جون اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے تھے، اس لیے انہوں نے ان تاریخوں کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر پروفیسر ساجد میر صاحب بعض نجی مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۲۱ جون کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے تھے، اس لیے انہوں نے اس تاریخ کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر ڈاکٹر سکندر میندھرو صاحب نے ملک سے باہر ہونے کی بنا پر مورخہ ۲۴ جون تا اختتام حالیہ اجلاس کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر تاج محمد آفریدی صاحب نے پہلے سے طے شدہ مصروفیات کی بنا پر حالیہ مکمل اجلاس کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر عابدہ محمد عظیم صاحبہ نے بعض نجی مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۲۴ جون تا اختتام حالیہ اجلاس کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر چوہدری تنویر خان صاحب نے ملک سے باہر ہونے کی بنا پر مورخہ ۱۹ جون تا اختتام حالیہ اجلاس کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر نصیب اللہ بازئی صاحب نے بعض نجی مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۲۴ اور ۲۵ جون کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

Mr. Chairman: Order No.3. Senator Shamim Afridi, Chairman, Standing Committee on Water Resources may move Order No. 3.

**Motion under Rule 194(1) moved by Senator Shamim Afridi, Chairman Standing Committee on Water Resources regarding compensation to the affectees of Mirani Dam**

سینیٹر شمیم آفریدی: شکریہ، جناب چیئرمین! میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے آبی وسائل، تحریک پیش کرتا ہوں کہ قواعد ضابطہ کار وانصرام کارروائی سینیٹ، ۲۰۱۲ کے قاعدہ ۱۹۴ کے ذیلی قاعدہ (۱) کے تحت سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی کی جانب سے ۲۴ جنوری، ۲۰۱۹ کو اٹھائے گئے عوامی اہمیت کے حامل نکتہ جو میرانی ڈیم کے متاثرین کو معاوضے سے متعلق ہے، پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے کی معیاد میں ۲۴ جون، ۲۰۱۹ سے ساٹھ ایام کار کی توسیع دی جائے۔

Mr. Chairman: It has been moved under sub-rule (1) of rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Standing Committee on a point of public importance raised by Senator Mir Kabeer Ahmed Muhammad Shahi on 24th January, 2019, regarding compensation to the affectees of Mirani Dam, may be extended for a period of sixty working days with effect from 24thJune, 2019.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Order No.4. Senator Agha Shahzaib Durrani, Chairman, Standing Committee on Planning, Development and Reforms, on his behalf Senator Eng. Rukhsana Zuberi, may move Order No.4.

**Motion under Rule 194(1) moved by Senator Eng. Rukhsana Zuberi on behalf of Chairman Standing Committee on Planning, Development and Reforms regarding re-allocation of funds under the head of Special Initiatives of CPEC towards other Programmes**

Senator Eng. Rukhsana Zuberi: I, on behalf of Senator Agha Shahzaib Durrani, Chairman, Standing Committee on Planning, Development and Reforms, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Standing Committee on the subject matter of a Calling Attention Notice moved by Senator Mian Raza Rabbani on 26th April, 2019, regarding re-allocation of Rs.24 billion out of Rs.27 billion under the head of special initiatives of CPEC towards other programmes, may be extended for a period of sixty working days with effect from 25th June, 2019.

Mr. Chairman: It has been moved under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Standing Committee on the subject matter of a Calling Attention Notice moved by Senator Mian Raza Rabbani on 26th April, 2019, regarding re-allocation of Rs.24 billion out of Rs.27 billion under the head of special initiatives of CPEC towards other programmes, may be extended for a period of sixty working days with effect from 25th June, 2019.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Senator Abdul Rehman Malik, Chairman, Standing Committee on Interior may move Order No. 5.

**<u>Motion under Rule 194(1) moved by Senator Abdul Rehman Malik, Chairman, Standing Committee on Interior regarding construction of firing range in American Embassy, Islamabad</u>**

Senator Abdul Rehman Malik: Mr. Chairman, thank you. May I just take two minutes only to brief because it is a very important subject. A suo motu was taken after a story appeared on one of the TV channels.

اس کے متعلق ہم نے وزارتِ داخلہ سے پوچھا، آئی۔جی اسلام آباد سے پوچھا، چیئرمین
سی۔ڈی۔اے سے پوچھا۔ انہوں نے کہا کہ ہوا ہے۔ I wanted the exact facts
that what actually happened. پتا چلا کہ وزارت داخلہ کی طرف سے امریکن
ایمبیسی کے ساتھ ایک MoU sign ہوا۔ جب اس کی تفصیل لی گئی تو وہ according to
law نہیں تھا، کابینہ سے clear نہیں تھا۔ جب ہم نے letter لکھا تو انہوں نے وہ نوٹیفکیشن
جو ہوا تھا based on that, the same has been withdrawn. میں
نے اس کی تفصیل مانگی ہے، اس کے لیے انہوں نے چار پانچ دن مانگے تھے، اس لیے ہم نے سمجھا
کہ چونکہ آج date expire ہو رہی ہے تو یہ motion لائی جائے but I am
happy to report you کہ نہ وہاں کوئی ایسی provision ہے فائرنگ رینج بنانے کی
اور نہ ہی وہ بنے گی۔ ہاں، اگر پولیس کو ضرورت ہے تو they can seek some kind
of new place to do it لیکن وہ نہیں ہو گی۔

That has been withdrawn.

Sir, I, Chairman, Standing Committee on Interior, hereby move under sub-rule (1) of rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Standing Committee on a point of public importance raised by Senator Lt. General Abdul

Qayyum HI (M) Retd. on 26th April, 2019, regarding construction of firing range in precincts of American Embassy in Islamabad, may be extended for a period of sixty working days with effect from 25th June, 2019.

Mr. Chairman: I put this motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: We may now take up Order No.6 regarding further consideration of the following motion moved by Mr. Muhammad Hammad Azhar, Minister of State for Revenue on 11th June, 2019, that the Senate may make recommendations to the National Assembly on the Finance Bill, 2019, containing the Annual Budget Statement, under Article 73 of the Constitution. Senator Mehr Taj Roghani.

## **Further Discussion on Finance Bill, 2019-20**

### **Senator Prof. Dr. Mehr Taj Roghani**

Senator Prof. Dr. Mehr Taj Roghani: Mr. Chairman, thank you. First of all, I would like to draw your attention to three points. No.1 is regarding these big books.

ہمیں شروع میں منوں کے حساب سے کتابیں دے دی جاتی ہیں، honestly میں آپ کو بتاتی ہوں کہ ان کو میں تو کم از کم نہیں پڑھ سکتی۔ یہ کتابیں MBBS کی ہیں اور نہ Ph.D. کی ہیں۔ مجھے علم نہیں کہ یہ کتابیں کس نے design کی ہیں اور کون دیتا ہے۔ ایک book ہونی چاہیے جبکہ ایک reference book ہونی چاہیے۔ میں اس کے متعلق بھی پوچھنا چاہوں گی کہ اس پر کتنا پیسا لگتا ہے۔ اس حوالے سے میں ان شاء اللہ، بجٹ کے بعد ایک adjournment motion لاؤں گی کہ ان کتابوں پر پیسا کتنا لگتا ہے۔

دوسری بات، this is very unfortunate کہ جب سے یہ سیشن شروع ہوا ہے، may be 19, 20 or 25 male members بولے ہیں جبکہ females میں میرے خیال میں صرف نزہت مجھے یاد ہے، ایک اور ہیں جبکہ تیسری میں ہوں۔

This is gender discrimination.

جناب چیئرمین: شیری رحمٰن صاحبہ بولی ہیں، نزہت صاحبہ بولی ہیں، ستارہ ایاز صاحبہ بولی ہیں۔۔۔۔۔۔

سینیٹر پروفیسر ڈاکٹر مہرتاج روغانی: دو بولی ہیں، تیسری میں ہوں۔ میرا تیسرا point یہ ہے، میرے لیڈر نے کہا ہے کہ بھئی، بات اُردو میں کرنی ہے۔ اب مصیبت یہ ہے کہ اُردو نہ پٹھانوں کی زبان ہے، میرے colleague نے کہا تھا، نہ پنجابیوں کی ہے، نہ سندھیوں کی ہے، نہ بلوچوں کی ہے۔ لہٰذا، اُردو میں ہمیں کیوں پھنسایا گیا ہے لیکن اگر national language ہے تو ٹھیک ہے، جیسے میرے leader نے کہا ہے I will try my level best کہ میں اُردو میں بات کروں۔ میری کوشش ہو گی کہ اُردو کے ساتھ انصاف کر سکوں۔

میری تقریر بہت simple ہے، اس میں point scoring نہیں ہے، کچھ بھی نہیں ہے۔ میں آپ کو honestly بتاتی ہوں کہ جب پیسے ایک لاکھ، دس لاکھ اور بیس لاکھ سے زیادہ ہو جاتے ہیں اور بلین اور ٹریلین میں چلے جاتے ہیں تو مجھے اس کی سمجھ نہیں آتی۔ اس لیے نہ میں بلین کی بات کرتی ہوں نہ ٹریلین کی۔ میں simple and straightforward دو تین چیزیں بیان کروں گی۔

سب سے پہلے تو یہ ہے کہ بجٹ جب بھی بنایا جاتا ہے تو کیسے بنایا جاتا ہے۔ وہ current scenario کو دیکھ کر بنایا جاتا ہے۔ ستّر سالوں سے جو بجٹ بن رہا ہے، اس میں revenue generation نہیں کی جاتی۔ میں کسی پارٹی کو blame نہیں کرتی لیکن ستّر سالوں سے جو بجٹ بن رہا ہے، اس میں revenue generation نہیں کی گئی۔ اس کا نتیجہ کیا نکلا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ پاکستان کا خرچہ زیادہ جبکہ آمدن کم ہوئی۔ It is well understood کہ اگر خرچہ زیادہ جبکہ آمدن کم ہو تو کیا ہوتا ہے؟ Deficit ہوتا ہے۔ لہٰذا، ہم deficit میں جاتے جاتے اب ایک black hole میں گھس گئے ہیں۔ اگر ایک گھر بھی چلانا ہو تو جیسے انگریزی میں کہا جاتا ہے either you borrow, you beg or you steal. ان تین چیزوں میں سے کچھ کرنا ہوتا ہے۔ ہماری حکومت نے بھی unfortunately, beg بھی کیا ہے اور borrow بھی لیکن اس کے ساتھ ہی میں یہ کہوں گی کہ ہماری حکومت نے جو دوسری چیز کی ہے، اس میں جو اچھی چیز کی ہے وہ یہ ہے کہ ہم نے revenue بڑھانے جبکہ خرچ کو کم کرنے پر زور دیا ہے۔ یہ کیسے دیا ہے؟ ابھی میں نے generic بات کی ہے۔ اس کے بعد میں speech کے specific points پر آتی ہوں۔

نمبر ایک، revenue بڑھانے کے لیے ہم نے کیا کیا ہے؟ ہم نے untaxed money کو ٹیکس کے دائرے میں لانے کی کوشش کی ہے۔ ٹیکس کی capability and capacity دونوں پر کام کیا ہے۔ ہم نے اندھادھند ٹیکس نہیں بڑھائے، ہم نے امیروں پر ٹیکس بڑھائے ہیں۔ جیسے ہم لوگ یہاں بیٹھے ہیں اور جو غریب لوگ ہمارے ارد گرد دروازوں پر ہیں، ان پر ہم نے بہت کم بوجھ ڈالا ہے۔ اب یہ آپ سب کو پتا ہوگا کہ اگر ہم social welfare state کی بات کریں تو وہ اسی وقت ممکن ہے جب ہر آدمی اپنی زکوٰۃ پوری دے۔ وہ تو ان شاء اللہ جب کبھی اسلامی حکومت آئے گی اور ہم زکوٰۃ دیں گے تو welfare state ہو گی۔ جب تک اسلامی حکومت نہیں ہے اور ہم اپنی زکوٰۃ حکومت کو نہیں دیتے تو ہمیں ٹیکس ہر حالت میں دینا ہوگا۔ اس کے علاوہ ہم welfare state نہیں بنا سکتے۔

آپ میں سے کسی نے اگر باہر کام کیا ہو تو آپ کو پتا ہوگا، جیسے اگر مجھے تین ہزار پاؤنڈز ملتے تھے، اس میں سے وہ ڈیڑھ ہزار پاؤنڈز مجھ سے ٹیکس لیتے تھے۔ اس کی بجائے مجھے وہ پھر ساری facilities دے دیتے تھے۔ اب یہاں جب ہم گورنمنٹ کو پیسے نہیں دیتے تو (پشتو الفاظ) حکومت کیا کرے گی؟ اگر آپ مجھے انگلش میں allow نہیں کرتے تو میں پشتو بولتی جاؤں گی۔

جناب چیئرمین: آپ انگلش اور اردو بول لیں، mix کر لیں۔

سینیٹر ڈاکٹر مہر تاج روغانی: جی ٹھیک ہے، that is number one جو کہ ہم نے کیا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ 1600 چیزوں پر ہم نے duty withdraw کی ہے یا کم کی ہے۔ یہ پہلی مرتبہ ہوا ہے اور یہ کون سے items ہیں، یہ وہ items ہیں جو export industry میں input cost کم کرتے ہیں۔ جب input cost کم ہو جائے گی تو production cost کم ہو جائے گی اور جب production cost کم ہو گی تو Our industry will be compatible with other industries. جب other industries کے ساتھ یہ compatible ہو جائے گی تو attractive ہو جائے گی اور international buyers کے لیے آسانی ہو جائے گی۔ جناب والا! because of this the exporters will get extra margin جب انہیں extra margin ملے گا، یہاں دلاور صاحب بیٹھے ہوئے ہیں and he will agree with me کہ جب آپ کو زیادہ پیسا آتا ہے تو first of all, what do you do, you expand your industry آپ اور کچھ نہیں کرتے۔ جب

آپ industry کو expand کرتے ہیں تو آپ اور لوگوں کو کام پر لگاتے ہیں۔ اس طرح لوگوں کو کام دینے کا یہ ایک طریقہ ہے۔

جناب والا! دوسرا point یہ ہے کہ پاکستان کی سب زیادہ employment generation industry agriculture ہے، whether it is directly or indirectly, whether it is documented or whether it is undocumented. ہم نے agriculture sector میں کیا کیا ہے؟ اگر آپ اسے تاریخی طور پر اور بجٹ کا lens لگا کر بجٹ کو دیکھیں تو پاکستان کی industry میں food security ایک اہم چیز ہوتی ہے۔ Food security کیا ہوتی ہے؟ ہم نے یہ کیا ہے کہ جیسے plants میں infection ہوتا ہے، plants پر viral infection ہوتا ہے، ان پر fungal infection ہوتا ہے، اس کے لیے ہم نے insecticide and pesticides کے لیے extra پیسے رکھے ہیں۔ دوسری چیز یہ ہے کہ آپ agriculture sector میں output کس طرح زیادہ کرتے ہیں؟ وہ اس طرح کرتے ہیں کہ آپ quality seeds لے لیں، کھاد لے لیں۔

ہم نے تیسری چیز water security کی کی ہے۔ اب مجھے خود سمجھ نہیں آ رہی، جب میں نے study کی۔۔۔

جناب چیئرمین: محسن عزیز صاحب اور فیصل جاوید صاحب، please سنیں۔ جی۔

سینیٹر ڈاکٹر مہر تاج روغانی: جناب والا! میں نے خود study کی ہے کہ چھوٹے پانی کے جو نالے جاتے ہیں، اس میں بہت زیادہ wastage of water ہوتا ہے۔ جناب والا! ہمارے گاؤں میں رات کو ایک قتل اس وجہ سے ہوا ہے کہ ایک نے دوسرے سے کہا کہ تم نے زیادہ گھنٹے پانی چلایا ہے اور تم نے کم۔ اس کے لیے ہم نے extra پیسے رکھے ہیں تاکہ water security ہو جائے۔ جب ہم نے ان چیزوں کو cover کر لیا ہے تو اس سے agriculture میں investment آئے گی and whenever we get investment in the agriculture تو economic output زیادہ ہو گی۔ جب economic output زیادہ ہو گی تو acceleration ملے گی اور اس سے ہمارا GDP بڑھے گا جس کے لیے ہم fight کر رہے ہیں۔ میں نے پڑھ کر دیکھا ہے، تخمینہ لگایا ہے کہ یہ GDP 30 to 35% increase ہو گا، جب factories لگتی ہیں، industries لگتی ہیں تو ان سے 30 to 35% جبکہ agriculture سے 40 to 45% ہوتا ہے

nearly 60 to 70% people are اس کے ساتھ ساتھ increase ہوتا ہے۔ directly related to the agriculture sector. اس کے علاوہ one of the biggest problems in Pakistan is the youth and unemployment, youth and employment کے لیے fresh graduates کو جو بھی industry hire کرے گی، یہاں industrialists بیٹھے ہوئے ہیں، میں ان کے لیے کہہ رہی ہوں کہ یہ جو بھی fresh graduates hire کریں گے، انہیں special incentive ملے گا یا tax میں چھوٹ ملے گی۔ اس لیے یہ آپ کے لیے اچھا موقع ہے، انہیں ملازمتیں دیں، ان کی industry employment میں tax overall کی کمی آئے گی، this is what is called incentivization, we have started incentivization means incentive دینا شروع کیے ہیں۔ ہم نے ایک مرتبہ ڈاکٹروں کو incentive دیا تھا کہ جو بھی medical books منگوائے گا، ہم tax نہیں لیں گے، جو بھی medical equipment منگوائے گا، ہم tax نہیں لیں گے and believe me ہم ڈاکٹروں نے سب منگوائے تھے۔ اس لیے میں industrialists کو کہتی ہوں کہ please یہ کریں تو اس سے آپ کو کافی help ملے گی۔

جناب والا! میں آخر میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ as a senior citizen of this august House, Treasury and Opposition Benches سے میری درخواست ہے کہ براہ مہربانی یہاں تنقید ضرور کریں لیکن criticism should be healthy criticism, criticism should not be for the sake of criticism کیونکہ ہمارا image بہت negative جا رہا ہے۔ میں doctors' community سے ہوں اور جب میں پشاور جاتی ہوں تو وہ مجھ پر بہت ہنستے ہیں کہ میں کہاں پھنس گئی ہوں۔ اس لیے یہاں بالکل بحث کریں، تنقید بھی کریں لیکن لڑائی اور جھگڑے نہیں ہونے چاہییں and that will be good for us. میں نے یہاں ہر کسی کی تقریر سنی ہے، اپوزیشن میں ماشاءاللہ اتنے educated اور اچھے لوگ ہیں، except three people from Opposition صرف انہی کی suggestions آئی ہیں، باقی تمام اپوزیشن نے criticize کیا ہے، I don't want to name them میں نے وہ لکھی ہیں۔ The House is open, if you

have got innovative ideas you come forward لیکن آپ نے ہمیں tax revenue generation کا بتانا ہے اور export کا بتانا ہے، ان دو چیزوں کا بتانا ہے۔ یہاں میڈیا بھی بیٹھا ہوا ہے، آپ آئیں اور اپنی wisdom ہمیں بتائیں کہ ہم کیسے اسے improve کریں۔ I am repeating only points, revenue generation and export کو کیسے زیادہ کریں۔

جناب والا! میں Armed Forces کے لیے کچھ کہے بغیر اپنی تقریر ختم نہیں کر سکتی۔ اتنے سخت حالات میں افواج نے جو کیا ہے، ان کی golden history میں یہ words لکھے جائیں گے کہ ایک مرتبہ پاکستان ایسا trap ہوا تھا، ایسا پھنسا تھا، Grey List میں جانے والا تھا اور افواج نے قربانی دی تھی، I wish and hope اکہ یہ قربانی ہم دیتے تو بہت اچھا ہوتا۔ I really salute from here to my Armed Forces جنہوں نے یہ قربانی دی ہے اور اس ایوان سے یہ آواز جانی چاہیے۔

میں آخر میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ 104 دنوں کا دھرنا تھا except for one day the rest I have attended. خان صاحب نے کنٹینر پر کھڑے ہو کر یہ نہیں کہا تھا کہ میں پیاز کی قیمت کم کروں گا، میں ٹماٹر کی قیمت کم کروں گا، میں دالوں کی قیمت کم کروں گا، خان صاحب نے کہا تھا کہ میں corruption کو ختم کروں گا، انہوں نے کہا تھا کہ میں چوروں کو پکڑوں گا, and he had done what he has promised انہوں نے اپنا وعدہ پورا کیا۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Thank you. Order No. 2. Senator Farooq Hamid Naek, Chairman, Standing Committee on Finance, Revenue and Economic Affairs, may move Order No. 2.

**Presentation and adoption of report of the Standing Committee on Finance, Revenue and Economic Affairs regarding recommendations on the Finance Bill, 2019**

Senator Farooq Hamid Naek: Thank you, Mr. Chairman. I, Chairman, Standing Committee on Finance, Revenue and Economic Affairs present report of the Committee on the proposals for making

recommendations on the Finance Bill, 2019, containing the Annual Budget Statement.

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No. 7. Senator Farooq Hamid Naek, Chairman, Standing Committee on Finance, Revenue and Economic Affairs, may move Order No. 7.

Senator Farooq Hamid Naek: Thank you, Mr. Chairman. I, Chairman, Standing Committee on Finance, Revenue and Economic Affairs move that the recommendations on the Finance Bill, 2019, containing the Annual Budget Statement as reported by the Committee, be adopted.

Mr. Chairman: It has been moved that that the recommendations on the Finance Bill, 2019, containing the Annual Budget Statement as reported by the Committee, be adopted.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The recommendations are adopted unanimously.

*(Desk thumping)*

Mr. Chairman: Order No.9. Senator Farooq Hamid Naek, Chairman, Standing Committee on Finance, Revenue and Economic Affairs, may move Order No.9.

**Presentation and adoption of Report of the Standing Committee on Finance, Revenue and Economic Affairs on the money Bill and Assets declaration Bill**

Senator Farooq Hamid Naek: I, Chairman, Standing Committee on Finance, Revenue and Economic Affairs present report of the Committee on the Money Bill, Assets Declaration Bill, 2019.

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No.10. Senator Farooq Hamid Naek, Chairman, Standing

Committee on Finance, Revenue and Economic Affairs, may move Order No.10.

Senator Farooq Hamid Naek: I, Chairman, Standing Committee on Finance, Revenue and Economic Affairs move that the recommendations on the Money Bill, the Assets Declaration Bill, 2019, as reported by the Committee be adopted.

Mr. Chairman: It has been moved that the recommendations on the Money Bill, the Assets Declaration Bill, 2019, as reported by the Committee be adopted.

*(The motion was carried)*

جناب چیئرمین: فاروق نائیک صاحب۔

Senator Farooq Hamid Naek: Thank you Sir! the Committee first considered every clause of the Finance Bill and held threadbare discussions in its ten meetings continuously for six days lasting 25 hours both in the morning and evening. And proposed 65 recommendations in the Finance Bill besides 94 general consensus recommendations while 68 general consensus recommendations relating to PSDP have been formulated by the Standing Committee on Planning, Development and Reforms which have been made part of the main report.

The Members of the Senate Committee including Committee Members, private entrepreneurs and companies proposed various amendments/ recommendations in the Finance Bill which are given in the report. I am thankful to the Finance Committee Members for taking keen interest in the proceedings of the Committee meetings as well as their cooperation and guidance in making recommendations in the Finance Bill.

I am also thankful to the Ministry of Finance, FBR and representatives of all other Ministries/ Divisions specially Chairman, FBR and Mr. Hamid Ateeq Sarwar, Member, IR Policy, who participated in the proceedings of the Committee on a short notice and gave valuable assistance. I would like to appreciate Secretary Committee, Mr. Muhammad Tahir Khan, his entire team and my staff for their untiring and diligent efforts in finalization of the report at a very short time. Thank you Sir.

جناب چیئرمین: فاروق نائیک صاحب! بڑی مہربانی آپ نے اور آپ کی پوری کمیٹی نے بڑی محنت کی اور تمام ہاؤس کی طرف سے آپ کو اور آپ کی کمیٹی کو مبارکباد پیش کرتے ہیں اور سینیٹ سیکریٹریٹ کو بھی مبارکباد پیش کرتے ہیں جنہوں نے بروقت اپنا کام مکمل کیا۔Leader of the House کچھ کہنا چاہ رہے ہیں؟

سینیٹر سید شبلی فراز (قائدایوان): میں پورے ہاؤس کا، Treasury Benches, Opposition Benches اور خاص طور پر فاروق نائیک صاحب کی کمیٹی، جنہوں نے واقعی بہت ہی زیادہ محنت کی اور میں خود بھی اس میں ایک سیشن کے لیے شامل ہوا تھا اور میں نے یہی دیکھا کہ جس محنت سے انہوں نے کام کیا ہے، جس sincerity کے ساتھ انہوں نے ہماری proposals کو شامل کیا irrespective of the fact کہ وہ کس پارٹی سے تعلق رکھتی ہیں، میں ان کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔جی بالکل thank you very much for your cooperation and this is how we will move things forward. Thank you so much.

Mr. Chairman: Minister of State for Revenue.

جی جی آپ کو بعد میں ٹائم دیں گے، آپ اس پر speech کرتے رہیں گے۔

**Mr. Muhammad Hammad Azhar, Minister of State for Revenue**

جناب حماد اظہر (وزیر مملکت برائے مالیات): بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ چیئرمین صاحب! بہت شکریہ۔ سب سے پہلے میں Farooq Hamid Naek Sahib, Chairman, Finance Committee کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کرنا چاہوں گا اور جتنے بھی اس کمیٹی کے سینیٹ کے ممبران ہیں، سیکریٹری کمیٹی، سینیٹ کا عملہ FBR,

Ministry of Finance, Commerce, Lawسے جو افسران تشریف لائے انہوں نے اپنی valuable input دی ان سب کا اور جس اچھے ماحول میں اور اپنی روایتی مہارت کے ساتھ فاروق ایچ نائیک صاحب نے sessions کو conductکیا، مجھے دو تین sessions میں شامل ہونے کا موقع ملا اور میں بھی ان کی recommendationsسے فیض یاب ہوا اورانشا ءاللہ یہ جتنی بھی recommendationsآئی ہیں assure you اکہ گورنمنٹ ہمیشہ کی طرح سینیٹ کی تجاویز کوsincerely, objectivelyاور سنجیدگی کے ساتھ considerکرے گی۔ ہمیں مزید کسی چیز پر clarityیاfeedbackچاہیے ہوگی تو ہم دوبارہ فاروق ایچ نائیک صاحب کو تکلیف بھی دیں گے۔Thank you very much Sirاور اس کے علاوہ یہ بھی کہ اس ہاؤس میں جو debateہوتی رہی ہے۔۔۔۔

جناب چیئرمین: اس پر بعد میں آپ closing کرلیں۔اعظم خان سواتی صاحب۔

**Senator Muhammad Azam Khan Swati**

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: میں سمجھتا ہوں کہ فاروق نائیک صاحب نے اور ان کی پوری ٹیم نے اور سیکریٹریٹ کے جتنے ملازمین اس میں شامل تھے انہوں نے جس دلجوئی سے کام کیا اور آخر میں recommendationsدیں کہ آج سینیٹ کے ہر فرد کا سر فخر سے اونچا ہے۔میں اپنی طرف سے اپنی حکومت کو یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جو recommendations ہیں انہیں مہربانی فرماکرobjectivelyدیکھا جائے اور خاص کر جو recommendationsبے نامی property سے متعلق فاروق ایچ نائیک اور ان کی کمیٹی نے دی ہیں، یہ ایک vacuumتھا اور اس کو پر کرنے کے لیے کم از کم یہ addکیا جائے۔یہ بڑی اچھی بات ہے کہ جو undisclosed property ہے اور ہم پہلے یہاں پر بے نامی کا قانون لائے تھے اس کے اندر یہ ساری تفصیل ہے اور میں اسے دوبارہ نہیں پڑھنا چاہتا لیکن یہ انتہائی ضروری ہے کہ اس vacuum کو پورا کیا جائے۔

جناب چیئرمین! میں آپ کی وساطت سے کم از کم اپنے سارے ممبران کو۔۔۔

جناب چیئرمین: سواتی صاحب! ہماری Planning and Development کی کمیٹی نے بھی بڑا کام کیا ہے، میں ان کو بھی مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے بر وقت اپنا کام مکمل کیا۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: جناب! میں یہی کہنے کے لیے آیا تھا اور میں ان کو بھی مبارک باد پیش کرتا ہوں اور ساتھ ساتھ یہ کہتا ہوں کہ جناب! یہ جتنا بھی سفر طے کیا ہے میرا یہ خیال ہے کہ Article 73 to Article 86 of the Constitution تک جس طریقے سے آپ نے اور آپ سے پہلے جتنے معزز چیئرمین سینیٹ رہے ہیں انہوں نے کاوش کی ہے اور اپنا مافی الضمیر بیان کرتے ہوئے ایک گاڑی کے دو پہیوں کی مثال دیتے ہوئے یہ کہا ہے کہ سینیٹ اتنا ہی اہم ہے کہ جتنا نیشنل اسمبلی ہے اور کم از کم ہم Money Bill میں جس طرح Article 73 to Article 86 تک اس میں تبدیلی لائیں کیونکہ اس وقت وہ گاڑی صرف ایک پہیے پر چل رہی ہے تاکہ پارلیمنٹ کے ان دونوں ایوانوں کے اندر مفید گفتگو ہو اور جو Finance Bill ہے وہ اگر دونوں ایوانوں سے پاس ہوگا جس طریقے سے آج کیسے Kashmir Committee اور Public Accounts Committee کام کر رہی ہیں اور دوسری پارلیمانی کمیٹیاں بھی جیسے کام کر رہی ہیں، میرا یہ خیال ہے کہ ہم جو اکائیوں کے ترجمان ہیں تو سینیٹ کی اسی فوقیت سے کم از کم ان Articles کو تبدیل کر کے Finance Bill میں بھی شراکت داری ہو تاکہ ہم جیسے اپنے اپنے صوبوں کے اور اکائیوں کے ترجمان ہیں، ان کی ضروریات اسی ترجمانی کے مطابق ہمارے سامنے آسکیں۔ میں سب کا پھر تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں اور ان کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: جی ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی صاحب! آپ کیا کہنا چاہتے ہیں؟ Budget speech پر آپ کو اس کے بعد ٹائم دیا جائے گا۔

سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی: Budget speech نہیں میں اسی پر دو باتیں کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین: جی۔

**Senator Dr. Jehanzeb Jamaldini**

سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی: جناب چیئرمین: شکریہ۔ آپ نے مجھے وقت دیا ویسے کافی دنوں سے میں یہ کوشش کر رہا تھا کہ آپ مجھے بولنے دیں لیکن شاید آپ مجھے وقت نہیں دے پا رہے تھے۔ بہر حال میں آپ کا مشکور ہوں، میں ذاتی طور پر فاروق نائیک صاحب اور آغا شاہزیب صاحب کو مبارک باد پیش کرتا ہوں جنہوں نے نہایت ہی بہترین انداز میں Budget recommendations دی ہیں حالانکہ میری اپنی recommendations انہوں نے drop کی ہیں لیکن جتنے بھی

Honourable Senatorsنے جو بھی recommendations پیش کی ہیں، میرے خیال میں وہ قابل قدر ہیں اور انہوں نے کافی بہتر کام کیا ہے and personally obligedکہ آپ کے کام اور آپ کی ہمت اور کاوشیں کار آمد ثابت ہوں گی اور حکومت کی بھی یہ کوشش ہونی چاہیے کہ ان میں سے جتنی بھی recommendationsہیں حماد اظہر صاحب انہیں بجٹ میں ڈلوائیں۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Thank you. We will move on to budget speech. Senator Kalsoom Perveen Sahiba.

حکومت سے، ابھی آپ کی طرف سے ہو گیا ہے۔

## Further Discussion on the finance Bill 2019-20

### Senator Kalsoom Perveen

سینیٹر کلثوم پروین: جناب چیئر مین! شکریہ۔ بہت سی باتیں وہاں سے ہو چکی ہیں اور میں انہیں repeat نہیں کروں گی۔ سینیٹ کے ماحول کو دیکھتے ہوئےno doubtکہ فاروق ایچ نائیک ایک انتہائی ذہین، محنتی اور کام کرنے والے اور اسی طرح سے آغا شاہزیب درانی، میرے منہ سے شاہباز نکلتا ہے، شاہزیب درانی نے بھی بڑی اچھی طرح کام سرانجام دیا مگر ان کے ساتھ ساتھ جو اسٹاف، جو عملہ رہاان کی کاوشوں کو بھی ہمیں سراہنا چاہیے۔ یہ ان تمام لوگوں کی محنتیں ہیں۔ ہم کہتے ہیں کہ ہم اتنی زیادہ کتابیں نہیں پڑھ سکتے تھے، پھر ان پر شاباش کریں کہ جنہوں نے یہ لکھی ہیں اور اس سے زیادہ کہ جو انہیں اٹھا کر لے گئے ہیں تو جناب! یہ بھی ایک اچھی خاصی exercise ہے۔

جناب چیئر مین! میں تھوڑا سا ہٹ کر بات شروع کروں گی۔ کل کرکٹ کی ایک کامیابی ہمارے حصے میں آئی۔ میرا خیال ہے کہ جنرل باجوہ صاحب شاید بیٹھے تھے ان کی برکت سے تھی یا ان کی وجہ سے تھی۔ بہر حال وہ باقی میچوں میں بھی جائیں تاکہ کم از کم ہم میچ تو جیت جائیں۔ ہماری ٹیم نے جو محنت کی ہے اور ہماری دعائیں قبول ہوئیں اور آئندہ بھی ہم کریں تاکہ دوبارہ جیت جائیں۔

جناب چیئر مین! ٹیکس کے متعلق میں تھوڑا سا کہوں گی اور میں نے recommendations بھی دی تھیں کہ آپ نے مجھے تمباکو سیکٹر کی ایک ذمہ داری سونپی تھی، میں سواتی صاحب اور خاص کر دلاور خان صاحب کی تمام محنتوں کے ساتھ بہت شکر گزار ہوں۔ جناب چیئر مین! اس میں 60ارب روپے کی کمی پیش آئی تھی اور الحمد للہ 60ارب روپے اب بڑھ گئے ہیں۔ اب یہ ٹیکس 140ارب روپے ہو گیا ہے۔ جناب چیئر مین! اس کے علاوہ ایک

اور تجویز بھی ہے۔ میں چاہتی ہوں کہ میں وہ تجویز بھی پیش کروں۔ وہ تجویز یہ ہے کہ اس تمام چوری کو روکنے کے لیے ایک inkاستعمال ہوتی ہے جو کہ ہمارے اس نوٹ پر درج ہوتی ہے اور یہ ink مٹائی نہیں جا سکتی۔ اگر اس کو ساتھ stamp کیا جائے جیسا کہ drape سا پلیٹا جاتا ہے تو میرا خیال ہے کہ جو ہم نے third tier ختم کیے ہیں یا چوری کا ہم کہہ رہے ہیں اس سے بھی زیادہ ہم ٹیکس لے سکتے ہیں اور وہ قوم اور لوگوں کے کام آ سکتا ہے۔ جناب چیئر مین! یقیناً انسان کسی بھی سیکٹر میں اور کسی بھی جگہ لگن اور محنت سے کام کرے اور مشکلات جتنی بھی ہوں وہ مشکلات حل ہو جاتی ہیں۔

جناب چیئر مین! FBR نے تقریباً ہر سیکٹر میں ٹیکس لگائے ہوئے ہیں اور یہ ٹیکس بے تحاشہ لگے ہوئے ہیں۔ اس کے باوجود بھی ملک کی فضا ایسی بن رہی ہے کہ لوگ اس چیز کے لیے بڑا pressurize کر رہے ہیں کہ موجودہ ٹیکسوں کی وجہ سے تمام لوگوں کی حالت بلکہ جو لوگ اچھے level پر ہیں ان کی حالت بھی اس قابل نہیں ہے کہ وہ مزید ٹیکسوں کا بوجھ سہہ سکیں۔ جناب چیئر مین! اس پر بھی میری ایک تجویز ہے کہ آپ کے کریڈٹ کارڈ سے یا موبائل فون سے جو 25 سے 35 روپے تک کٹتے ہیں وہ دوبارہ ان کمپنیوں کو جاتے ہیں۔ اگر اس کو بھی Government کی kitty میں ڈالا جائے تو میرے خیال میں یہ اربوں روپے جمع ہوں گے۔ جناب چیئر مین! آپ نے دیکھا ہو گا جیسا کہ ہمیں ابھی جمعہ کو بجلی کا بل 17 ہزار روپے ملا ہے۔ آج اس کی جمع کرنے کی آخری تاریخ ہے۔ اگر آج وہ بل جمع نہ ہوا تو پھر -/1600 روپے جرمانہ ہے۔ مجھے یہ بتایا جائے کہ پھر یہ جرمانہ کہاں جاتا ہے۔ چلو بل تو ہم نے ادا کر دیا لیکن یہ جرمانہ کہاں جاتا ہے۔ ان جرمانوں کو دیکھا جائے کہ یہ کہاں پر چلے جاتے ہیں۔ ہمیں سوچنا چاہیے کہ یہ جرمانے حکومت پاکستان کو ملیں۔ ہم ان چیزوں کو نہیں دیکھتے جو کہ اربوں روپے کے بنتے ہیں۔

جناب چیئر مین! تیسری بات یہ ہے کہ اتنی بڑی بڑی کمپنیاں ہیں جو کھربوں روپے کماتی ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم نقصان میں ہیں۔ اگر وہ نقصان میں ہیں تو شاید پھر فائدے میں کوئی بھی نہیں ہے۔ میں آپ کو چھوٹی سی مثال دوں گی کہ Careem اور Uber جیسی گاڑی والوں نے چار کھرب روپے کا سودا کیا ہے۔ ایک کھرب روپے انہوں نے ٹیکس ادا کیا ہے۔ ٹیکسی والوں نے کیا ہے۔ باقی departments میں ہم محنت کر کے کیوں یہ پیسے اور ٹیکس وصول نہیں کر سکتے۔ اگر ہم اپنے ملک کے لیے تھوڑی سی محنت کریں اور کوئی ایسی بات تو نہیں ہے کہ نہ کی جائے۔ اس

ملک کے لیے ہمیں تمام چیزیں نیک دلی، ایمانداری اور خلوص کے ساتھ کرنا چاہییں۔ باقی جو فوج کا کردار ہے وہ اپنے طور پر ادا کر رہی ہے۔ جو ہمارا کردار ہے ہمیں بھی اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔

جناب چیئر مین! FBR کی طرف سے شور مچایا جا رہا ہے کہ ٹیکس چوری ہو رہی ہے۔ بے شک ان کے اپنے اندر بھی چوری ہے۔ وہ یہ نہ کہیں کہ لوگوں نے چوری کی ہے۔ آپ لوگوں کو چھوٹ دیتے ہیں۔ گڈانی تک ڈیزل اور پٹرول آتا ہے۔ اگر آپ اس کو تھوڑا سا legal کر دیں اور لوگوں کو relax کر دیں تو آپ کو 60 ارب روپے ملیں گے۔ لوگوں کو اس وجہ سے چوری کرنی پڑتی ہے۔ لوگ اب چور راستوں سے آتے ہیں۔ گڈانی کو اس طرح بنایا جائے تاکہ کراچی اور پورٹ قاسم پر جو رش ہے وہ تھوڑا کم ہو جائے اور لوگوں کو کاروبار بھی ملے۔

جناب چیئر مین! اسی طرح باقی ادارے بھی اپنے ملازمین کو تنخواہ کے لیے تو ضرور دیں مگر اپنے اندر وہ اتنی capacity پیدا کریں کہ یہ ادارے خود generate بھی کریں۔ جیسا کہ NHA ہے۔ NHA کے بہترین ٹول پلازے ہیں۔ کوئی گاڑی بھی ٹیکس ادا کئے بغیر نہیں گزر سکتی۔ اب تو سرکاری گاڑی بھی بغیر ٹیکس کے نہیں گزر سکے گی۔ اچھی بات ہے چلو ان سے بھی لیا جائے۔ یہ وہ ادارے ہیں جو generate کر سکتے ہیں۔ Vaccine آپ خود بنا سکتے ہیں اور اس کو بیچ بھی سکتے ہیں۔ ان اداروں کو چاہیے کہ وہ اپنے لیے generate کریں۔ آپ نے دیکھا کہ کتنے ادارے ہیں جنہوں نے لوگوں کو سستی دالیں اور چاول وغیرہ فراہم کرنے کے لیئے سٹور بنوائے ہیں۔ آپ دیکھیں کہ ایک چھوٹا سا Cash and Carry ہے وہ کروڑوں روپے کما لیے ہیں اور اس کی برانچیں پورے پاکستان میں پھیل گئی ہیں۔ کیا وجہ ہے کہ ہم ہر چیز کے بارے میں کہہ رہے ہیں کہ ہمیں نقصان ہوا ہے۔ PIA کے بارے میں ہم کہتے ہیں کہ subsidy دیں۔ مشاہد اللہ صاحب نے اس میں بہت کام کیا ہے۔ عید کے فوراً بعد مجھے عمرے پر جانا تھا۔ ایک seat اور کروانی تھی۔ پہلے میں نے سوچا کہ آپ کو تکلیف دوں لیکن میں نے کہا کہ نہیں بری بات ہے کہ آپ کو چھوٹے سے کام کے لیے تکلیف دوں۔ میں نے فون پر کسی اور کام کے لیے بات کی تھی۔ جناب چیئر مین! PIA والوں کے پاس 6 سیٹیں خالی تھیں۔ میں 28 ہزار روپے اسی وقت دینا چاہ رہی تھی اور ٹکٹ لینا چاہتی تھی۔ میں نے کہا کہ یہ 6 سیٹیں تو آپ نے خالی رکھی ہیں۔ تو اس کا مطلب ہے کہ آپ اپنا business دوسری سروس کو دے رہے ہیں۔ جناب چیئر مین! اگر اندر کی چیزوں کو ٹھیک کر لیا جائے تو حکومت کے لیے کوئی مشکلات پیدا نہیں ہوں گی۔ اس میں صرف خلوص اور محنت کی ضرورت ہے۔

جناب چیئرمین!میں چاہتی ہوں کہ بلوچستان کی طرف میں آؤں کیونکہ میرا focusہی بلوچستان ہے۔ پچھلی حکومت میں بھی پنجاب کے کاشتکاروں کے لیے تین کھرب روپے کا پیکیج دیا گیا۔ ٹیکسٹائل والوں کو سہولت دی گئی۔اس حکومت میں بھی ریلوے،PIAاور دیگر اداروں کو اربوں روپے کے پیکیج ملے۔فاٹا کے ضم ہونے کے بعد کوئی 52ارب روپے کے قریب پیکیج دیا ہے جو کہ اچھی بات ہے۔جناب چیئرمین!یہاں تک تو بات بالکل صحیح ہے مگر دوسری طرف میں اپنے صوبے کی طرف آتی ہوں کہ میرے صوبے کو کس مقصد کے لیے کیا دیا ہے؟جس کو ہم سب سے پسماندہ صوبہ کہتے ہیں۔سب سے پہلے priority یہ تھی کہ اس صوبے کو دیا جائے کہ جہاں سب سے زیادہ غربت ہے۔

جناب چیئرمین!تیسری بات جو آپ سے بھی shareہو چکی ہے اور یہ ایک قانونی بات ہے۔اس کے بارے میں قانون کے ماہرین ہی بتا سکتے ہیں کہ ہمارے صوبہ بلوچستان کی سیٹیں بڑھائی جائیں۔وہ اس لیے کہ ہم سیٹوں کی کمی کی وجہ سے کسی بھی ایسی چیز کا حصہ نہیں بن سکتے جس میں قانونی helpکی ضرورت ہوتی ہے۔ہمارے صوبے کی سیٹیں بڑھائی جائیں۔فاٹا کے لیے ہم بالکل agreeکرتے ہیں اور ہم ان کے لیے ووٹ دیں گے مگر اس کے ساتھ ساتھ ہم یہ بھی رکھیں گے کہ صوبہ بلوچستان کی سیٹیں بھی بڑھائی جائیں کیونکہ 17 سیٹوں کے ساتھ میں نہیں سمجھتی کہ ہم کامیاب ہوئے ہیں اور جب بھی ہوا ہے ہمارے ساتھ دوسرے لوگوں نے مدد کی اور یہاں تک لے کر آئے ہیں۔

جناب چیئرمین!اگر بلوچستان کے کاشت کاروں کی بات کی جائے،آپ کو معلوم ہے خشک سالی کی وجہ سے وہاں بد حالی ہے۔حکومت اسی دس سالہ منصوبے پر چل رہی ہے جو اسے ملا تھا۔پچاس سالوں میں بلوچستان میں سو چھوٹے چھوٹے ڈیم بنانے کے لئے کہا گیا ہے جس میں، میرا خیال ہے کہ اگر آپ ایک ڈیم کے لئے دس کروڑ روپے بھی دیں،تو آپ سو نہ بنائیں بلکہ صرف پانچ بنا دیں،پانچ کے لئے پیسے دے دیں کہ کم از کم پانچ ڈیم تو بن جائیں۔جب یہ بن جائیں گے تو میرا خیال ہے کہ مزید بھی پھر بن جائیں گے۔جب ہم نے initiativeہی نہیں لیا،ہم نے کوئی کام ہی نہیں کیا تو ہم سو ڈیموں کی طرف کیوں جا رہے ہیں۔ہمیں پہلے تھوڑے سے شروع کرنا چاہیے،ہم چار ڈیم بنا لیں،پانچ بنا لیں،چھ بنا لیں۔اس کے بعد سو تو بہت بڑی تعداد ہے وہ تو جب بنیں گے تو بنیں گے۔ان شاء اللہ اگر ہماری willہوئی اور ہم نے چاہا تو ضرور بنیں گے۔

جناب چیئرمین! ابھی بارشوں کی وجہ سے جو تباہی مچی ہے، آپ کو معلوم ہے کہ ہمیں وفاق کی طرف سے کوئی امداد نہیں ملی حالانکہ ملنی چاہیے تھی۔ میری گزارش ہے کہ بلوچستان کے لئے جو رقم رکھی گئی ہے اس پر نظر ثانی کریں۔ دوسری بات یہ ہے کہ ملک کے معاشی حالات کو سامنے رکھتے ہوئے ہم سب مل کر بیٹھیں اور تمام سیاسی جماعتیں بغیر احسان کیے کیونکہ ہمیں یہاں بٹھایا گیا ہے تو ہمیں یہ بات کرنی چاہیے کہ ملک کو درپیش دہشت گردی کے خاتمے کے لئے کانفرنس بلائی گئی، ایسی مزید کانفرنسیں بلائی جائیں۔ تمام سیاسی اختلافات کو پس پشت ڈالیں اور معاشی بہتری کو لے کر آئیں۔

آپ نے دیکھا کہ روس کیسے ٹوٹا، جب وہ معاشی میدان میں فیل ہوگیا، وہ financially fail ہوگیا تو اس کے کئی ٹکڑے ہوئے۔ اللہ تعالیٰ پاکستان کو سلامت رکھے مگر جو ہم نے، لوگوں نے حالات بنائے ہوئے ہیں ان کی وجہ سے ہم دن بدن مزید خرابی کی طرف جا رہے ہیں۔

جناب! میرا خیال ہے کہ اب چور چور کہنے کا سلسلہ بھی بند ہونا چاہیے۔ اگر ہم پر چور کی stamp لگ جاتی ہے تو پھر میں کسی سے بات کرنے کے قابل ہی نہیں ہوں کہ آپ نے ویسے ہی چور declare کر دیا تو میں کسی سے کیا بات کروں گی۔

جناب چیئرمین! میں آپ سے اپیل کرتی ہوں کہ ہم تمام اختلافات بھلا کر اپنی معیشت کو، اپنے ملک کو مضبوط بنائیں۔ اگر ہم اپنے ملک کی بہتری چاہتے ہیں، اگر ہم نے اپنے ملک کو بہتر بنانا ہے تو ہمیں پھر ایک strategy بھی بنانی ہوگی۔ آپ نے دیکھا کہ ایران نے امریکہ کا وہ ڈرون مار گرایا ہے جو امریکہ کے تصور میں بھی نہیں تھا۔ پہلے تو وہ انکار کرتے رہے پھر ان کے وزیر پومپیو نے کہا کہ واقعی ہمارا ڈرون مار گرایا گیا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ ایران کے پاس وہ ٹیکنالوجی بھی ہے جو میرے خیال میں کسی کے پاس بھی نہیں ہے۔ تو اگر ہم پر کوئی معاشی پابندیاں ہیں تو ان کو ویسے ہی رہنے دیں، ہمارے بلوچ وہاں پر ہیں، ہمارے لوگ وہاں پر ہیں تو ہم ایک دوسرے کے ساتھ تجارت کر سکتے ہیں۔ اگر ان کو چاول چاہییں تو ہم دے سکتے ہیں، ان کو چینی چاہیے تو ہم دے سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین! میں اپنی تقریر زیادہ لمبی نہیں کرنا چاہتی کیونکہ بہت سے لوگ بول چکے ہیں، جتنے ہمارے ملازمین یہاں پر، ہمارے آفیسران خاص طور پر خواتین بچیاں جو بیٹھی رہیں شام تک، نو بجے تک، دس بجے اپنی سروس دیتی رہیں اور اچھے طریقے سے دیتی رہیں، ان تمام کا

آپ نے بحیثیت چیئرمین خیال رکھنا ہے اور ان کا حق بنتا ہے کہ ان کو honorarium دیا جائے۔ جناب چیئرمین! ان لوگوں کی اگر کوئی مشکلات ہیں تو ان مشکلات کو بھی ہمیں حل کرنا چاہیے نا کہ ہم لوگوں کو، مختلف لوگوں سے ہم لوگ screw کرتے رہیں۔

ہر شخص نے اپنی ڈیوٹی دی ہے، یقیناً ڈیوٹی دی ہے مگر یہ بھی ایک چھوٹا سا انعام ہے ان کے لئے تاکہ آئندہ وہ اچھے طریقے سے کام کریں۔ مجھے مردوں کے سینٹر کا تو پتا نہیں کہ وہاں کیا حال ہے، Lady Services Centre میں no doubt بہت اچھی سروسز ہیں۔ آپ لوگوں نے یہاں پر بچت شروع کی ہے، ہمیں اس کا بھی کوئی گلہ نہیں ہے کہ آپ سے پہلے ایک سموسہ تھا اور پکوڑا تھا اور پھر ایک بسکٹ تھا۔ پھر سموسہ غائب ہو گیا، پھر آہستہ آہستہ پکوڑا غائب ہوا اور اب بسکٹ بھی نہیں ہے۔ پرسوں تو ہم نے پانی کے لئے اپیل کی کہ ہمیں پانی دیا جائے۔ جناب بچت ضرور کریں مگر ایسی بچت بھی نہ کریں کہ لوگ شوگر کے مریض ہیں، پانی تو پینے دیں۔

جناب چیئرمین: میڈم! وہ مسئلہ حل ہو گیا، ان شاء اللہ آئندہ نہیں ہو گا۔

سینیٹر کلثوم پروین: اللہ کرے کہ حل ہو جائے۔

جناب چیئرمین: ہو گیا، ہو گیا، میڈم! ہو گیا۔

سینیٹر کلثوم پروین: جناب! میں چاہوں گی کہ بجٹ پر سب کی مل جل کر کوششیں ہیں، کاوشیں ہیں۔ دلاور خان یہاں سے چلے گئے ہیں، ایک اچھی بات ہوئی ہے کہ حکومت نے SRO-1149 واپس لے لیا ہے اور third tier ختم کر دیا ہے۔ اور اس میں لوگوں کے لئے مزید آسانیاں پیدا ہوں گی۔ Thank you very much.

Mr. Chairman: Thank you. I will now read out the prorogation order received from the President. "In exercise of the powers conferred by Clause-1 of the Article 54 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I hereby prorogue the Senate Session on the conclusion of its business on 24th June, 2019."

Sd/-
(Dr. Arif Alvi)
President
Islamic Republic of Pakistan

----------------

*(The House was then prorogued sine die)*

----------------

Index

Senator Abdul Rehman Malik ........................................................................... 5
Senator Eng. Rukhsana Zuberi.......................................................................... 4
Senator Farooq Hamid Naek .............................................................11, 12, 13
Senator Prof. Dr. Mehr Taj Roghani ................................................................. 6
جناب حماد اظہر ........................................................................................................ 14
پروفیسر سینیٹر ڈاکٹر مہر تاج روغانی ........................................................................ 7, 8, 9
سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی ........................................................................................ 16
سینیٹر سید شبلی فراز ...................................................................................................... 14
سینیٹر شمیم آفریدی ......................................................................................................... 3
سینیٹر کلثوم پروین .................................................................................................. 17, 22
سینیٹر محمد اعظم خان سواتی ........................................................................................ 15, 16